
© rasailojaraid.com



وخیر جلیس فی الزمان کتاب

# میزان



## تبصرۂ کتب

نام کتاب "محسن انسانیت اور انسانی حقوق"

مؤلف: ڈاکٹر حافظ محمد ثانی

ضخامت: ۵۰۴ صفحات

ناشر: دارالاشاعت اردو بازار کراچی

قیمت: درج نہیں،

تبصرہ نگار: احمد معاویہ، کراچی

آج کے دور میں عالمِ اسلام کے اندر جن مغربی افکار نے اثر و نفوذ حاصل کیا ہے ان میں مغرب کا خود ساختہ انسانی حقوق کا فلسفۂ بے سند بھی ہے۔ جس کا آج چہار دانگِ عالم میں غلغلہ مچا ہوا ہے، اور جسے مغرب ایک مؤثر ہتھیار کے طور پر کمزور اقوام خصوصاً عالم اسلام کے خلاف استعمال کر رہا ہے، اس وقت انسانی حقوق کا سب سے بڑا علمبردار بزعم خود امریکہ ہے جس کا "فرض منصبی" دنیا کے کسی بھی خطے میں ہونے والے انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا سدِ باب ہے۔ اس سلسلے میں امریکہ و یورپ کے اپنے معیارات اور علیحدہ پیمانے ہیں، جن سے کلیۃً اتفاق ہمارے لئے ممکن نہیں۔

انسانی حقوق کے تحفظ کا سب سے بڑا ضامن کون ہے؟ مغرب کے من گھڑت حقوقِ انسانی چارٹر کے علی الرغم اسلام نے انسان کو بلا تخصیص مذہب و ملت کیا اعزاز و شرف بخشا ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ حجۃ الوداع میں وہ کیا دائمی اور عالمی منشور ارشاد فرمایا جو قیامت تک آنے والوں کے لئے ہمہ گیر، مثالی اور ابدی چارٹر ہے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



موجودہ دور میں مغرب کی طرف سے حقوقِ انسانی کے تحفظ کا غلغلہ کرنے کی اصل حقیقت کیا ہے اور اقوامِ متحدہ کے متفقہ، حقوق انسانیت کے منشور کے بعض بنیادی مندرجات کہاں سے چرائے گئے ہیں؟ ان تمام سوالات کے جوابات ہمیں جناب ڈاکٹر حافظ محمد ثانی زید مجد ہم کی کتاب "محسنِ انسانیت اور انسانی حقوق" سے ملتے ہیں جو حال ہی میں اشاعت پذیر ہوئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کی اس سے قبل بھی بعض اہم تالیفات منظرِ عام پر آچکی ہیں زیر تبصرہ کتاب بھی ڈاکٹر صاحب کی تحقیق و جستجو کا مظہر ہے۔ اس کتاب میں حافظ صاحب موصوف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمودہ خطبے سے نکتہ وار استشہاد کرتے ہوئے مغربی مفکرین و مستشرقین کے اسلام پر وارد کردہ اعتراضات کے تاریخی و معاشرتی حوالوں سے مدلل اور مسکت جوابات دیئے ہیں۔ یہ اندازِ تحقیق بلا شبہ منفرد نوعیت کا حامل ہے۔ کتاب میں جو علمی مباحث اور نکات اٹھائے گئے ہیں وہ کچھ یوں ہیں!

☆ خطبۂ حجۃ الوداع

☆ خطبہ حجۃ الوداع کی اہمیت و عظمت

☆ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اور انسانی حقوق (تاریخی و تحقیقی جائزہ)

☆ خطبۂ حجۃ الوداع اور مغرب کے نظریۂ انسانی حقوق کا تقابلی جائزہ

☆ انسانی حقوق کا عالمگیر اعلامیہ (اقوام متحدہ کا عالمی منشور، انسانی حقوق)

☆ خطبۂ حجۃ الوداع، حقوق انسانی کا مثالی اور ابدی منشور (تاریخی و تحقیقی جائزہ)

☆ خطبۂ حجۃ الوداع اور عورتوں کے حقوق کا تاریخی اعلان

☆ خطبہ حجۃ الوداع اور غلاموں کے حقوق کا انقلابی اعلان

☆ مغرب اور غلامی، آغاز وارتقاء (تاریخی جائزہ)

☆ عالمگیر مسلم برادری کے قیام اور مواخات کے حق کا ابدی اعلان،

حافظ صاحب موصوف نے "خطبۂ حجۃ الوداع اور عورتوں کے حقوق" اور "خطبہ حجۃ الوداع اور غلاموں کے حقوق" کے ضمن میں قدیم مذاہب و معاشرت کے حوالے سے بالتفصیل گفتگو کی ہے۔ خصوصاً زمانۂ قدیم سے مختلف تہذیبوں میں عورتوں سے جو سلوک روا رکھا جاتا تھا اس پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ پاکستان میں کام کرنے والی بعض

© rasailojaraid.com